## 129752 ـ معدہ سے کھانا واپس اوپر آنے کا روزے پر اثر

**سوال**

مجھے معدہ کی ایك بیماری لاحق ہے کہ جب میرے مونہہ میں کوئی سائل چیز ہو تو معدہ سے کھانا اوپر آجاتا ہے، رمضان المبارك میں بھی ایسا ہوا کیا مجھے قضاء میں روزہ رکھنا ہو گا یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر معدہ سے کوئی چیز نکل کر مونہہ میں آ جائے تو روزے دار کے لیے اسے باہر پھینکنا ضروری ہے، اگر اس نے جان بوجھ کر نگل لیا تو اس کا روزہ باطل ہو جائیگا، اور اگر وہ عمدا نہیں نگلتا تو اس پر کچھ لازم نہیں آئیگا.

اللہ سبحانہ و تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ عبد العزیز آل شیخ.

الشیخ عبد اللہ بن غدیان.

الشیخ صالح الفوزان.

الشیخ بکر ابو زید.